صلعم صللم، ص، ع، رض کی کراہت اور صلی اللہ علیہ وسلم

کی فضیلت پر بے مثال تحقیق

کراہت صلعم و فضیلت صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

اویسیہ پبلشرز لاہور

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاولپور

صلعم ، صللم ، ص ، ع ، رض کی کراہت اور صلی اللہ علیہ وسلم

کی فضیلت پر بے مثال تحقیق

کراہیت صلعم و فضیلت صلی اللہ علیہ وسلم

تصنیف

شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا ابو الصالح محمد فیض احمد اویسی رضوی مدظلہ

اویسیہ پبلشرز لاہور

مکتبہ اویسیہ رضویہ ، ملتان روڈ بہاولپور

نام کتاب: کراہت صلعم و فضیلت صلی اللہ علیہ وسلم

مصنف: علامہ ابو صالح محمد فیض احمد اویسی رضوی

کتابت: شاہ محمد چشتی سیالوی محلہ محمود پورہ قصور

بار اول: مارچ ۱۹۷۹ء

تعداد: ایک ہزار

مطبع: غنی سنز پرنٹرز دربار مارکیٹ لاہور

ناشر: اویسیہ پبلشرز لاہور

مکتبہ اویسیہ رضویہ ملتان روڈ بہاول پور

ہدیہ:

میں اضافہ حرام ہے یہی وجہ ہے کہ اذان کے اختتام پر محمد رسول اللہ ؐ کا اضافہ ناجائز ہے حالانکہ محمد رسول اللہ تو کلمہ لا الٰہ الا اللہ کا جزء ہے لیکن چونکہ اذان میں متعینہ کلمات کا اضافہ ناجائز ہے اسی لئے جب وہ اہم کلمات میں نہیں پڑھے جا سکتے یونہی لفظِ "سیدنا" بھی، باوجودیکہ وہ کلمات اذان کے آخر میں ہیں اور لفظِ "سیدنا" اذان کے درمیان میں ہے۔

صحابہ کرام اور آلِ عظام اور ازواجِ مطہرات رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے لئے مستقلاً درود شریف پڑھنا اور لکھنا مثلاً سیدنا علی علیہ الصلوٰۃ والسلام اور علیہ السلام کہنا اور لکھنا اکثر علماءِ کرام کے نزدیک درست نہیں البتہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع کر کے صلوٰۃ وسلام بھیجنا اور پڑھنا درست ہے جیسے عام طور پر ہم پڑھتے اور لکھتے ہیں اللّٰھم صل علیٰ سیدنا محمد و علیٰ آل سیدنا محمد

پھر اس صورت میں تمام مؤمنین اور مؤمنات کو بھی درود شریف میں شامل کر سکتے ہیں چنانچہ صیغۂ درود اس طرح مروی ہے اللّٰھم صل علیٰ (سیدنا) محمد عبدک ورسولک وصل علی المؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات

(ہب النسیم ص ۶۵، ۶۶) اس موضوع پر فقیر کی ایک تالیف ہے۔

(ف) اس سے دیوبندیوں اور وہابیوں کا وہ اعتراض اٹھ گیا جو کہتے ہیں کہ بریلوی حضرات اہلسنت اپنے پیروں اور مولویوں پر درود پڑھنا جائز مانتے ہیں مثلاً یہ کہتے ہیں کہ: اللّٰھم صل وسلم علیٰ محمد و سیدنا و ہادینا و مرشدنا و مخدومنا حافظ سید جماعت علی شاہ صاحب، اور اعلیٰحضرت بریلوی قدس سرہ کے متعلق کہا گیا ہے :

مجدّدِ دین و ملت پہ لاکھوں سلام

دیوبندیوں کا یہ اعتراض مبنی بر جہالت ہے جس کی تحقیق فقیر نے اپنے رسالہ " دیوبندی کون ہیں ؟ " میں مفصل طور پر عرض کر دی ہے۔

بفضلہ تعالیٰ ہم نے کسی ولی اللہ یا عالمِ دین پر صلوٰۃ وسلام پڑھا ہے تو تبعاً لیکن